www.dailypakistanbulletin.pk

کراچی اور تھہ سے شائع ہونے والا مقبول اخبار

Daily Pakistan Bulletin Karachi

روزنامہ پاکستان بلیٹن کراچی

ABC Certified

چیف ایڈیٹر: سراج احمد

جلد نمبر 11 | پیر 06 اپریل 2026ء بمطابق 17 شوال 1447ھ | شمارہ 251 | قیمت 10 روپے

امریکی اسرائیلی تنصیبات نشانہ 8 طیارے تباہ کردیئے ایران

آپریشن وعدہ صادق 4 کی 95 ویں لہر کے تحت کویت، بحرین، متحدہ عرب امارات اور اسرائیل میں متعدد مقامات کو نشانہ بنایا گیا

مزید جارحیت کا جواب پورے خطے میں شدید ردعمل کی صورت میں دیا جائیگا، ایران کو شکست دینے کا تصور اب ایک دلدل میں بدل چکا

اگر جارحیت جاری رہی یا جنگ میں مزید شدت آئی تو پورے خطے کو امریکا اور اسرائیل کیلئے جہنم بنا دیں گے، پاسدارانِ انقلاب

تہران (ویب ڈیسک) ایرانی پاسدارانِ انقلاب نے کہا ہے کہ آپریشن وعدہ صادق 4 کی 95ویں لہر کے تحت کویت، بحرین، متحدہ عرب امارات اور اسرائیل میں متعدد مقامات کو نشانہ بنایا گیا، رپورٹ نے ایران پر قیامت ڈھانے کی دھمکی دے دی تھی ایرانی پاسداران انقلاب نے مسترد کرتے ہوئے کہا ہے کہ امریکا اسرائیل کے لیے پورا خطہ جہنم بنا دیں گے۔ایرانی پاسداران انقلاب کے مطابق اس کارروائی میں حسن بن علی کے کوڈ کے تحت انجام دی گئی، کارروائی میں قاسم، خیبر شکن اور خیبر میزائل استعمال کیے گئے۔پاسدارانِ انقلاب کے مطابق اس کارروائی میں جن اہداف کو نشانہ بنایا گیا ان میں امریکی فوجی تنصیبات، اسرائیل سے وابستہ ایک تجارتی جہاز اور اسرائیل کے کئی ملاحتے شامل تھے، جن پر مختلف میزائل نظام استعمال کیے گئے۔ایران ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 30

عوامی ریلیف کیلئے اقدامات اٹھاتے رہیں گے

وزیر اعظم

نظام میں شفافیت کیلئے یہ سبسڈی رقوم ڈیجیٹل والٹس کے ذریعے فراہم کی جارہی ہے، سبسڈی کی رقوم کی فراہمی کی فی الفور ہدایت کی جس کا آغاز گزشتہ روز سے ہو چکا ہے جو سبسڈی پیر کے دن سے فراہم کی جانی تھی

مشکل کی اس گھڑی میں کسی صورت عوام کو اکیلا نہیں چھوڑ سکتے، پٹرول لیوی میں فی الفور 80 روپے فی لٹر کی کمی کر کے عوام کو ریلیف دیا گیا، پاکستان ریلوے 6 ارب روپے کی سبسڈی فراہم کر رہی ہے، وزیر اعظم شہباز شریف

اسلام آباد (ویب ڈیسک) وزیر اعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ قومی سبسڈی سکیم کے لیے بلوچستان نے ملے ہوئے فنڈز جمع کروا دی ہے، امید ہے کہ باقی صوبے بھی جلد جمع کروا دیں گے۔وزیر اعظم محمد شہباز شریف کی زیر صدارت ضلعے میں حالیہ کشیدگی کے دوران پٹرولیم مصنوعات پر حکومت کی جانب سے سبسڈی کے نفاذ پر پیش رفت سے آگاہ کرنے کے ساتھ ساتھ ملک میں ایندھن کے ذخائر اور کھپت پر بھی بریفنگ دی گئی۔شہباز شریف نے کہا کہ یہ مسافر نسوں کو 1 لاکھ روپے ماہانہ اور منی بس دو دکھوں کو 40 ہزار روپے ماہانہ سبسڈی فراہم کی جارہی ہے جاری ہے، سبسڈی کی رقوم کی فراہمی کی فی الفور ہدایت کی گئی ہے کہ ہم سب کو اکیلا نہیں چھوڑ سکتے، پٹرول لیوی میں فی الفور 80 روپے فی لٹر کی کمی کر کے عوام کو ریلیف دیا گیا، پاکستان ریلوے 6 ارب روپے کی سبسڈی فراہم کر رہی ہے، وزیر اعظم شہباز شریف

تاکہ گرانیوں میں اضافہ نہ ہو، اشیا خورد و نوش کی قیمتوں میں اضافے کو روکنے کیلئے ٹرکوں کو 70 ہزار، بڑی مال بردار گاڑیوں کو 80 ہزار جبکہ ڈیلیوری وینوں کو 5 ہزار روپے ماہانہ سبسڈی فراہم کی جارہی ہے۔انہوں نے کہا کہ نظام میں شفافیت کیلئے یہ سبسڈی رقوم ڈیجیٹل والٹس کے ذریعے فراہم کی جارہی ہے، سبسڈی کی رقوم کی فراہمی کی فی الفور ہدایت کی جس کا آغاز گزشتہ روز سے ہو چکا ہے جو سبسڈی پیر کے دن سے فراہم کی جانی تھی۔اس کا مقصد کوئی بھی اضافہ نہ ہو۔انہوں نے مزید کہا کہ اس سبسڈی کو مہیا کرنے کے لیے تمام صوبائی حکومتوں کی جانب سے ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 37

ملک دشمن عناصر کی سازشوں کو ناکام بنائیں گے، ضیا لانگو

بھارت کے 18 قونصل خانے پاکستان کے خلاف کام کر رہے ہیں

بھارت اپنی خفت نہیں مٹا پا رہا اور مئی 2025 کی شکست بھلا نہیں سکا

کوئٹہ (ویب ڈیسک) وزیر داخلہ بلوچستان ضیا لانگو نے کہا ہے کہ بھارت کے 18 قونصل خانے پاکستان کے خلاف کام کر رہے ہیں۔بلوچستان کے وزیر داخلہ بلوچستان ضیا لانگو نے کہا ہے کہ بھارت کے 18 قونصل خانے دارالحکومت کوئٹہ میں ایڈیشنل سیکرٹری داخلہ اور ڈی آئی جی سی ٹی ڈی کے ہمراہ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے ضیا لانگو کا کہنا تھا کہ ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 39

وزیر اعلیٰ ہاؤس اور ریڈ زون جانے والی سڑک احتجاج کے پیش نظر بند کر دی گئی

امن اور خوشحالی کے لیے ہم سب ایک پیج پر ہیں

سہیل آفریدی

تمام ادارے اپنی حدود میں رہ کر کام کریں تو کوئی مسئلہ نہ رہے، جدوجہد جاری رکھیں گے، بدامنی کے جن حالات سے ہم گزرے ہیں

صوبائی اسمبلی کے فلور پر تمام سیاسی جماعتوں اور مکاتب فکر کے رہنماؤں نے متفقہ اعلامیہ پیش کیا، آپریشن مسئلے کا حل نہیں

جنگ نے ہمارے انفراسٹرکچر، اداروں اور نوجوانوں کو نقصان پہنچایا، ہم ایسی مزید کسی صورتحال کے متحمل نہیں ہو سکتے

خطے میں امن کے لیے قبائلی مشران کی جدوجہد قابل تحسین ہے جنہوں نے دانش مندی سے حالات کو سنبھالا، وزیر اعلیٰ کے پی

پاجوڑ (ویب ڈیسک) وزیر اعلیٰ کے پی کے سہیل آفریدی نے کہا ہے کہ تمام ادارے اپنی حدود میں رہ کر پیشہ ورانہ فرائض انجام دیں تو کوئی مسئلہ نہ رہے، خطے میں امن کے لیے قبائلی مشران کی جدوجہد قابل تحسین ہے۔نجی ٹی وی کے مطابق وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی نے ضلع باجوڑ میں قومی امن جرگہ کے قائدین سے ملاقات کی۔سہیل آفریدی نے کہا کہ خطے میں امن کے لیے قبائلی مشران کی جدوجہد قابل تحسین ہے، آپ نے جس دانش مندی سے حالات کو سنبھالا وہ قابل قدر ہے، امن سب سے پہلے اور اجتماعی ضرورت ہے، اس کے بغیر ترقی و خوشحالی ممکن نہیں۔انہوں نے کہا کہ موجودہ صوبائی حکومت دریا امن کا قیام یقینی بنانے کے لیے کوشاں ہے، صوبائی اسمبلی کے فلور پر تمام سیاسی جماعتوں اور مکاتب فکر کے رہنماں نے متفقہ اعلامیہ پیش کیا، سب اس بات پر متفق ہیں کہ ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 26

محسن نقوی کی رائیونڈ تبلیغی مرکز آمد، غیر ملکی اکابرین سے ملاقات

دین اسلام کی سربلندی کے لیے تبلیغی جماعت کے اکابرین کی گراں قدر خدمات کو سراہا

غیر ملکی اکابرین نے وزیروں کے اجرا میں بھرپور تعاون پر وزیر داخلہ محسن نقوی کا شکریہ ادا کیا

لاہور (ویب ڈیسک) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے رائیونڈ تبلیغی مرکز میں غیر ملکی وفود سے ملاقات کی اور ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کرائی۔وزیر داخلہ محسن نقوی نے تبلیغی جماعت کے اکابرین مولانا احمد کاوری، مولانا عامر، انوار نعمی، امتیاز نعمی، مولانا مدثر ثقلین ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 32

وزیر اعلیٰ سندھ ٹرانسپورٹرز کے نمائندوں کے ساتھ میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

ملک کو کھلی والے دن آغاز ہو چکا ہے

کوکھلی والے دن آغاز ہو چکا ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ اس سبسڈی کو مہیا کرنے کے لیے تمام صوبائی حکومتوں کی جانب سے ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 37

بھارت بوکھلاہٹ کا شکار ہے اور حواس باختہ ہو چکا، خواجہ آصف

سیالکوٹ (ویب ڈیسک) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا کہ بھارت نے پہلگام جیسا فالس فلیگ آپریشن کیا تو اس بار ہم انہیں لکشمن تک پہنچا کر آئیں گے۔سیالکوٹ میں تر قیاتی ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 46

کراچی: تحریک انصاف کے کارکنان کی پیٹرولیم قیمتوں میں اضافے کے خلاف احتجاج کر رہے ہیں

اقوام متحدہ کا عالمی یوم ضمیر ہمیں سوچنے کی دعوت دیتا ہے، مریم نواز

لاہور (ویب ڈیسک) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے عالمی یوم ضمیر پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ حقیقت، جھوٹ اور خاموشی ہمیشہ 7 دہائیوں سے عالمی ضمیر پر مسلسل دستک دے رہا ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 45

پیٹرول مہنگا بیچنے پر شہریوں کا پمپ پر دھاوا، توڑ پھوڑ اور تشدد

انتظامیہ اضافی قیمت پر پیٹرول فروخت کر رہی تھی، پولیس کی درخواست موصولی کی تصدیق

کراچی (ویب ڈیسک) حکومت کی جانب سے پیٹرول کی قیمتوں میں کمی کے اعلان کے باوجود کراچی کے ایک پیٹرول پمپ پر فی قیمتوں کا اطلاق نہ کرنے پر شہری مشتعل ہو گئے۔پولیس کے مطابق سرجانی ٹاؤن میں واقع پیٹرول پمپ پر شہریوں نے دھاوا بول دیا، ملازمین پر تشدد کیا اور پمپ کی املاک کو نقصان پہنچایا۔پولیس کا کہنا ہے کہ پیٹرول پمپ انتظامیہ کی جانب سے اضافی قیمت پر پیٹرول فروخت کیا جا رہا تھا، جس پر شہریوں نے احتجاج کرتے ہوئے ہنگامہ آرائی ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 36

آپریشن غضب للحق 796 دہشتگرد ہلاک 286 چوکیاں تباہ

افغانستان بھر میں 81 دہشت گردوں اور ان کے سہولت کاروں کے ٹھکانوں کو فضائی کارروائی میں نشانہ بنایا گیا

پاکستان نے افغان طالبان رجیم کی 44 چوکیوں پر قبضہ کر لیا، ٹینک، بکتر بند گاڑیاں، توپیں اور ڈرون تباہ کیے گئے

افغان طالبان، فتنہ الخوارج کی جانب سے حملے کی کوشش کو مکمل طور پر ناکام بنایا گیا، وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات

اسلام آباد (ویب ڈیسک) وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات عطا تارڑ نے آپریشن غضب للحق کی تازہ ترین تفصیلات جاری کرتے ہوئے بتایا کہ آپریشن غضب للحق میں اب تک 796 فتنہ الخوارج اور افغان طالبان مارے گئے، 1043 زخمی ہوئے۔اپنے بیان میں عطا تارڑ نے کہا کہ پاکستان نے افغان طالبان رجیم کی 286 چوکیوں کو تباہ اور 44 پر قبضہ کر لیا، ٹینک، بکتر ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 35

پٹرولیم مصنوعات کی بلاتعطل فراہمی جاری ہے، بلال اظہر کیانی

حکومت نے صوبوں کی مشاورت سے پٹرول کی قیمت میں ردوبدل کا فیصلہ کیا

اسلام آباد (ویب ڈیسک) وفاقی وزیر مملکت خزانہ بلال اظہر کیانی نے کہا ہے کہ حکومت نے صوبوں کی مشاورت سے قیمتوں میں ردوبدل کا فیصلہ کیا۔وفاقی وزیر آئی ٹی شزا فاطمہ خواجہ کے ہمراہ وفاقی دارالحکومت میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے بلال اظہر کیانی کا کہنا تھا کہ پاکستان قیام امن کیلئے بھرپور کردار ادا کر رہا ہے۔انہوں نے کہا کہ وزیر اعظم شہباز شریف کی قیادت میں قیام امن کی کوششیں جاری ہیں، نائب وزیر اعظم اور اپوزیشن امن کوششوں کیلئے متحرک ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 29

حکومت سبسڈی 830 ارب روپے تک محدود کرنے کیلئے تیار

آئی ایم ایف کا مالی سال 2031 تک سبسڈی ختم کرنے کا بھی مطالبہ

اسلام آباد (ویب ڈیسک) مالی مالیاتی ادارے (آئی ایم ایف) نے حکومت پاکستان سے مطالبہ کیا ہے کہ آئندہ بجٹ میں توانائی شعبے کی 830 ارب روپے سے زائد سبسڈی نہ دی جائے۔سرکاری دستاویز کے مطابق آئی ایم ایف نے مالی سال 2031 تک پاور سیکٹر گردشی قرض کو مکمل ختم کرنے کا بھی مطالبہ کر دیا۔توانائی شعبے کو دی جانے والی سبسڈی میں سالانہ بنیادوں پر تدریج کمی کی ہدایت کی۔مالی سال 27-2026 میں بجلی کے شعبے میں گردشی قرض بیا کو صفر ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 38

وفاقی وزراء نے میری عید خراب کر دی، بلاول بھٹو

نوڈیرو میں عید کے موقع پر اسلام آباد والے آئے تھے، انہوں نے جو بریفنگ دی

وفاقی حکومت نے پیٹرول پر سبسڈی دی تاکہ پاکستان کے عوام کی مشکلات میں کمی ہو

اسلام آباد (ویب ڈیسک) چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ وفاقی وزراء نے جو بریفنگ دی اس نے میری عید خراب کر دی۔چیئرمین پیپلز پارٹی کا تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہنا تھا کہ نوڈیرو میں عید کے موقع پر اسلام آباد والے آئے تھے۔ ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 28

سندھ حکومت سبسڈی کا بوجھ اٹھائے گی

مراد علی شاہ

پبلک ٹرانسپورٹ، اسکول ویز اور اہم شعبوں کو ریلیف فراہم کیا جائے گا، ایندھن کی قیمتوں میں اضافے کے باوجود مسافروں کے لیے سبسڈی کا اعلان

بڑھتے ہوئے آپریشنل اخراجات کے باوجود ٹرانسپورٹرز نے ذمہ داری کا مظاہرہ کرتے ہوئے عوام کو ریلیف دینے پر رضامندی ظاہر کی، وزیر اعلیٰ سندھ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے بوز اتوار عوام کے لیے ایک بڑے ریلیف پیکج کا اعلان کیا۔انہوں نے ٹرانسپورٹرز کے ساتھ کامیاب مذاکرات کے بعد پورے صوبے میں کرایوں کو تجمید کروا دیا، ساتھ ہی بڑھتی ہوئی ایندھن کی قیمتوں کے اثرات کو کم کرنے کے لیے ایک وسیع سبسڈی پروگرام بھی متعارف کرایا۔وزیر اعلیٰ ہاس میں اعلیٰ سطحی پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے، جہاں صوبائی وزراء ٹرانسپورٹرز کے نمائندے موجود تھے۔انہوں نے کہا کہ حکومت کو ایک جامع حکمت عملی تیار کی ہے تاکہ شہریوں، خاص طور پر کم آمدنی والے مسافروں کو، عالمی سطح پر ایندھن کی قیمتوں میں اضافے کے باعث بڑھتے ہوئے سفری اخراجات سے محفوظ رکھا جا سکے۔ٹرانسپورٹ سیکٹر کے ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 34

کراچی میں یونیورسٹی روڈ پر بارش کے بعد جمع ہونے والا تھوم ہوا پانی، مکمل نکاسی کی غفلت کو اجاگر کرتا ہے

وزیر اعظم شہباز شریف لاہور میں ایک اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پبلک اور گڈز ٹرانسپورٹ کو سبسڈی دی جارہی ہے، شزا فاطمہ

اسلام آباد (ویب ڈیسک) وفاقی وزیر آئی ٹی شزا فاطمہ خواجہ نے کہا کہ حکومت پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں کے اثرات کو کم کرنے کے لیے اقدامات کر رہی ہے۔شزا فاطمہ خواجہ کا کہنا تھا کہ پبلک اور گڈز ٹرانسپورٹ کو سبسڈی دی جا ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 27

زرمبادلہ کے ذخائر بڑھانے کیلئے متبادل منصوبے پر کام کا آغاز

اسلام آباد (ویب ڈیسک) حکومت نے زرمبادلہ کے ذخائر بڑھانے کیلئے متبادل منصوبے پر کام شروع کر دیا۔وزارت خزانہ کے مطابق یورو بانڈز اور یواے ای کو ادائیگی ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 25

معاہدہ نہ کیا تو ایران پر آگ برسا دیں گے

امریکی صدر

ایرانی فوج افسر کو تلاش کر رہی تھی اور بہت قریب پہنچ گئی تھی، بچائے گئے افسر ایک نہایت معزز کرنل ہیں، امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ

یقین ہے کہ پیر کو ایران کے ساتھ معاہدے کا ایک اچھا موقع ہے، منگل کو ایران میں بجلی گھروں اور پلوں پر حملوں کا دن ہوگا، جاری بیان

واشنگٹن (ویب ڈیسک) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ایران کو دھمکی دیتے ہوئے کہا ہے کہ جہنم کی آگ نازل ہونے سے پہلے ایران کے پاس باقی ہیں، معاہدہ نہ کیا تو ایران پر جہنم کی آگ برسا دیں گے، یقین ہے کہ جو ایران کے ساتھ معاہدے کا ایک اچھا موقع ہے، منگل کو ایران میں بجلی گھروں اور پلوں پر حملوں کا دن ہوگا۔اٹلے 16 طیارے کے نقصان سے ایران کے ساتھ جاری مذاکرات پر کوئی اثر نہیں پڑے گا۔مشرق وسطیٰ جنگ میں ایران کی 48 گھنٹے ہیں، میں نے ایران کو معاہدہ کرنے یا بنانے پر ہر طرح کھولنے کیلئے دس دن کا وقت دیا تھا۔ٹرمپ نے کہا کہ وقت ختم ہو رہا ہے، 48 گھنٹے جانب سے امریکی فوج کو اب تک کا سب سے بڑا دھچکا لگا ہے، ایک دن میں امریکا ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 31

Daily Pakistan Bulletin Karachi
روزنامہ پاکستان بلیٹن کراچی
ABC Certified
چیف ایڈیٹر: سراج احمد | شیئرنگ ایڈیٹر: کاشف مصطفیٰ

پبلشر محمد حنیف نے آلاصف پرنٹنگ پریس آئی آئی چندریگر روڈ سے چھپوا کر آفس نمبر 42 بفر فلور، ہینڈی کراف بلڈنگ، عبداللہ ہارون روڈ صدر کراچی سے شائع کیا۔

021-35210448
021-36450295
021-35210448
pakistanbulletinkarachi@gmail.com
pakbulletin.786@gmail.com
www.dailyPakistanbulletin.pk

امریکہ ایران مذاکرات اور پاکستانی کا قابل ستائش کردار

اب جبکہ اسرائیل امریکہ اور ایران کی جنگ کو ایک ماہ زائد ہو چکا ہے اور یہ جنگ روزانہ کی بنیادوں پر شدت اختیار کرتی جا رہی ہے۔ ایک طرف امریکہ مذاکرات کی جوتجاتے ہی جا رہا ہے اور دوسری جانب وہ ایران پر تابڑ توڑ حملے کر رہا ہے اور زمینی فوج بھیجنے اور حملے کا ایشو اسرائیل اور ایران کی جانب سے ہی اٹھایا جا رہا ہے جبکہ خلیج الفارس اور خلیج عمان کے اڈوں پر لگا رہا ہے جبکہ خلیج الفارس اور خلیج عمان کے اڈوں پر لگا رہا ہے جبکہ خلیج الفارس اور خلیج عمان کے اڈوں پر لگا رہا ہے جبکہ خلیج الفارس اور خلیج عمان کے اڈوں پر لگا رہا ہے جبکہ بحری بیڑا بھی بحیرہ عرب میں پہنچا چکا ہے۔ امریکہ اور اسرائیل نے کہی بھی نہ اقوام متحدہ کے چارٹر کی پاسداری کی اور نہ ہی کبھی اپنے وعدوں اور معاہدوں کی لاج رکھی بل اس بات پہ غور کرنا ہے کہ جب کسی کو کمزور پہنچتی ہے تو اپنی عزت بچانے کے لیے مذاکرات کے ذریعے پہنچی گئی ہے نقصان کی کوشش کرتا ہے اور آج کل ایرانی عہدیداروں نے جس طرح اسرائیلی فوجی اڈوں، فوجی چھاؤنیوں اور دیگر امریکی اڈوں کو نشانہ بنایا ہے جس سے اسرائیلی اور امریکی عوام بھی اپنی اپنی حکومتوں کے خلاف سڑکوں پر نکل آئے ہیں۔ اور تو اور کوئی "انگلوز" تحریک کے تحت ہزاروں کے قریب 80 لاکھ افراد سڑکوں پر نکل آئے۔ دیگر ریاستوں میں بھی 300 سے زائد مقامات پر مظاہرہ اور تقاریروں کا انعقاد کیا گیا۔ اسی طرح اسرائیل اور یورپ میں بھی امریکن پالیسیوں اور اسرائیلی جنگی جنون کے خلاف مظاہرے بھی کئے۔ جبکہ برطانیہ کے وزیراعظم کیئر اسٹارمر بھی صورتحال کے بعد جنگ کا بائیکاٹ کرتا دکھائی دیا۔ اسی طرح کچھ دن پہلے ہی امریکن پالیسیوں اور اسرائیلی جنگی جنون کے خلاف مظاہرے کئے گ

01

بقیہ نمبر 1

پیشگوئی کی گئی ہے جبکہ بعض علاقے پرژالہ باری بھی متوقع ہے۔ شرجیل یمن نے یہ بھی کہا کہ محکمہ موسمیات کے مطابق بارشوں کا سلسلہ 6 اپریل کو شدت اختیار کرسکتا ہے، حساس دمچاؤں اور ڈھلوں کے گھنٹہ گھر پیشگی اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ بارشوں کی پیشگوئی کے باعث حکومت نے تمام حفاظتی اداروں کو الرٹ کردیا، ہنگامی انتظامیہ، بلدیاتی اداروں اور امدادی ریسکیو سروسز کو متحرک کردیا گیا ہے جبکہ کسانوں کو موسمی صورتحال کے پیش نظر تھرکوئلی زمینوں اور معاونت فراہم کی جا رہی ہے۔

02

کارکردگی دکھانے والی مارکیٹوں میں شامل رہی، جہاں بھارت اور افغانستان کی ریکارڈ بھی دیکھا گیا ہے۔ رپورٹ کے مطابق شیخ مارک کے ایس ای بنڈریڈ انڈیکس نے مالی سال 2026ء کی تیسری سہ ماہی (3QFY26) کے دوران ڈالر کے حساب سے تقریباً 14.6 فیصد منافع درج، جس کے باعث پاکستان دنیا کی تین کثیر درجن کارکردگی والی مارکیٹوں میں شامل ہوگیا۔ اس دوران دیگر علاقائی مارکیٹس بھی دہرے ہندسے کی کارکردگی دکھاتی رہیں، جہاں بھارت اور افغانستان بالترتیب پہلے اور دوسرے نمبر پر رہے، جنہوں نے ڈالر کے لحاظ سے 19.4 فیصد اور 19 فیصد منافع ریکارڈ کیا۔ اس طرح کچھ فرنٹیئر اور ابھرتی ہوئی مارکیٹس نے بہتر کارکردگی دکھائی۔ گھانا، عمان اور نائیجر یا نمایاں رہے جہاں بالترتیب 43.6 فیصد، 42.3 فیصد اور 34.1 فیصد مثبت منافع حاصل ہوا۔ اپ ایان سکیورٹیز کے مطابق پاکستان کی کمزور کارکردگی کی بڑی وجہ بیرونی جغرافیائی خطرات ہیں، خصوصاً ایران، اسرائیل اور امریکا کے درمیان بڑھتی کشیدگی، جس نے خطے کی مارکیٹس کو متاثر کیا۔ اس کے برعکس ساتھ ملک میں بڑھتی میکرو اکنامک استحکام کی تیسری بہتر کارکردگی دکھائی دی، مالی یا پاکستانی ایکویٹی مارکیٹ بیرونی جھٹکوں اور معاشی کمزوریوں کے باعث اب شدید دباؤ کا شکار ہے۔ گزشتہ ہفتے کے دوران بھی کے ایس ای بنڈریڈ انڈیکس میں اتار چڑھاؤ دیکھنے میں آیا اور مارکیٹ فروخت کے دباؤ سے رہی۔ انڈیکس 150,399 پوائنٹس پر بند ہوا، جو ہفتہ وار نمایاں 0.9 فیصد کی کمی ہے جبکہ 1,309 پوائنٹس کی گراوٹ ظاہر کرتا ہے۔ اپ ایان سکیورٹیز کے مطابق حکومت کی جانب سے ٹیول سہولتی قائم کرنے کے اعلان کے بعد مارکیٹ میں مزید مندی دیکھنے میں آئی، جس کے تحت ڈیزل کی قیمت میں 55 فیصد اور پیٹرول کی قیمت میں 43 فیصد اضافہ کیا گیا، جس سے سرمایہ کاروں کا اعتماد متاثر ہوا۔ ہم قیمتوں میں اس بڑے اضافے کے ایک روز بعد وزیر اعظم شہباز شریف نے اعلان کیا کہ حکومت ایک ماہ کے لیے پٹرول پر 80 روپے فی لیٹر کی رعایت کرے گی۔

03

مطابق ایس ایس ایس ڈسٹرکٹ ٹی ٹی سی حسن کے مطابق چوری کا واقعہ عید الفطر کے تیسرے روز رمضان دوسیب ہی تاجر کے گودام میں پیش آیا تھا۔ گوداموں کو شناخت کلیئر کے نام سے کی گئی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ اطلاع ملنے پر ایس ایچ او شکور اپنی ٹیم کے ہمراہ خفیہ ذرائع سے ملنے والی اطلاع پر کامیاب چھاپہ مار کارروائی کے دوران ملزم کاشر سرائیکی گرفتار کر لیا گیا۔ ملزم کاشر سرائیکی کو گودام سے چوری کی گئی 2 کروڑ نقدی میں سے ایک کروڑ 57 لاکھ 50 ہزار روپے برآمد کر کے گرفتار کر لیا گیا۔ ملزم کے باقی ساتھی فرار ہو گئے۔ چوری کا مقدمہ درج کر کے ملزم کی تلاش کی جا رہی ہے۔ واضح رہے کہ ایس ایس پی ڈسٹرکٹ ٹی ٹی سی حسن کی ٹیم نے ایس ایچ او ساتھو اور ایس ایس پی ڈسٹرکٹ ٹی ٹی سی حسن کی ٹیم کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے تعریفی اسناد دینے کا اعلان کیا ہے۔

04

لے لی۔ ایس ایس پی تو حید رحمان کے مطابق ملزم وسیم کو گرشتہ روز کراچی کے علاقے نیو ٹاؤن پر پشی نمبر پلیٹ جعلی نمبر کے موقع پر دوران چیکنگ روکا گیا تھا۔ گودام وقوعہ سے کار کے علاوہ ایک موٹر سائیکل سمیت ساتھ تیز رفتار گاڑی کے ساتھ دیگر ہوگئی تھا جبکہ ملزم کی غفلت والے واقعہ کے ساتھ دیگر واقعات میں ملوث ہونے کا امکان ہے۔ ایس ایس پی ملیر ڈاکٹر محمد فیاض کے مطابق

حافظ نعیم کا عدالتی کارروائی میں ام رباب سے تعاون کا اعلان

ام رباب سندھ کی بیٹی ہیں اور وہ جدوجہد کی علامت بن چکی ہیں، میں خود میہڑ جاؤں گا اور اظہار یکجہتی کروں گا، امیر جماعت اسلامی کی ملاقات میں گفتگو

میرے والد کو سردارانہ نظام کے خلاف بات کرنے پر قتل کیا گیا، سندھ بھر کی نظریں میرے کیس پر تھیں لیکن فیصلہ ہمارے خلاف آیا، ام رباب چانڈیو

کراچی (ویب ڈیسک) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمان نے عدالتی کارروائی میں ام رباب چانڈیو سے تعاون کرنے کا اعلان کر دیا۔ کراچی میں ام رباب چانڈیو کے ہمراہ پریس کانفرنس میں حافظ نعیم الرحمان نے کہا کہ ام رباب سندھ کی بیٹی ہیں اور وہ جدوجہد کی علامت بن چکی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ میں خود میہڑ جاؤں گا اور اظہار یکجہتی کروں گا، کورٹ سے رہائی کے بعد طرمان نے ہوائی فائرنگ کی۔ امیر جماعت اسلامی کا کہنا تھا کہ عدالتی کارروائی میں ام رباب کے ساتھ تعاون کریں گے۔ اس موقع پر ام رباب چانڈیو کا کہنا تھا کہ میرے والد کو سردارانہ نظام کے خلاف بات کرنے پر قتل کیا گیا، سندھ بھر کی نظریں میرے کیس پر تھیں لیکن فیصلہ ہمارے خلاف آیا۔ انہوں نے مزید کہا کہ انکلس کوٹ میں جا کر اپنا کیس لڑوں گی، دہشتگرد جتنوں نے میرے والد توفیق کو ان کا ہٹلر پارٹی سے تعلق ہے۔ ام رباب چانڈیو نے یہ بھی کہا کہ صدر مملکت آصف زرداری سے کہتی ہوں کہ وہ اس معاملے کو دیکھیں، میرا کسی سیاسی جماعت .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 7

شیری خوشگوار موسم گرما کے دوران لاہور چڑیا گھر میں تعطیل کا لطف اٹھاتے ہیں

وفاقی وزیر مذہبی امور نے مبارک سفر کی پہلی پرواز کا اعلان کر دیا

مکہ اور مدینہ کے درمیان تیز رفتار سفر کی سہولت بھی فراہم کی جائے گی، وفاقی وزیر

اسلام آباد (ویب ڈیسک) سردار محمد یوسف نے ریاض میں حج کرج 2026 کے انتظامات سے متعلق اہم اعلان کر دیا ہے، جس کے مطابق پاکستان سے عازمین حج کی پہلی پرواز 18 اپریل کو سعودی عرب روانہ ہو کر وہاں پہنچے گی۔ ریاض آمد پر مسلم لیگ (ن) (سعودی عرب کے عہدیداران نے وفاقی وزیر کا پرتپاک استقبال کیا۔ اس موقع پر انہوں نے بتایا کہ اس سال عازمین .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 6

پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں یہ اضافہ کسی حکومتی پالیسی کا نتیجہ نہیں، وفاقی وزیر احسن اقبال

ناروال (ویب ڈیسک) وفاقی وزیر منصوبہ بندی و ترقی احسن اقبال کا کہنا ہے کہ پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں یہ اضافہ کسی حکومتی پالیسی کا نتیجہ نہیں۔ ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ وزیر اعظم شہباز شریف کو پیٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں اضافے سے عوام کو .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 5

پولیس کو دیکھ کر فرار ہونے والا کار سوار ڈرامائی انداز میں گرفتار

مجھ سے غلطی ہو گئی، میں میڈیا اور ڈی آئی جی ٹریفک کو دیکھ کر پریشان ہو گیا تھا، ملزم وسیم

کراچی (ویب ڈیسک) تین تلوار پر پولیس کی فینس نمبر پلیٹ کیخلاف جاری مہم کے دوران ایک نوجوان کا کار سمیت فرار ہونے کا واقعہ پیش آ ہے گرفتار کر لیا گیا ہے۔ ساتھ انویسٹی گیشن پولیس نے ٹیکنیکل بنیادوں پر ڈرامائی انداز میں ملزم کو گرفتار کر کے گاڑی تحویل میں .....بقیہ صفحہ 4 نمبر 4

جماعت اسلامی کے رہنما اور کارکنان اشیاء اور پیٹرولیم مصنوعات میں اضافے کے خلاف احتجاج کر رہے ہیں

کورنگی کازوے پل پر اندھیرے کا راج، لٹیرے بے لگام ہو گئے

رات ڈھلتے ہی پل پر سناٹا اور خوف، قیمتی سامان چھیننے کی وارداتوں میں اضافہ

کراچی (ویب ڈیسک) کراچی کے شہریوں کے لیے سندھ حکومت کا "عیدی تحفہ" کہلانے والا کورنگی کازوے پل محض دو ماہ میں ہی ڈراؤنا خواب بن گیا۔ افتتاح کے چند ہفتوں بعد ہی پل پر نصب کروڑوں روپے مالیت کی اسٹریٹ لائٹس ناکارہ ہو گئیں، جس کے باعث رات کے اوقات میں پورا پل اندھیرے میں ڈوب جاتا ہے۔ اس گھمبیر صورتحال کا نوٹس لیتے ہوئے اسٹریٹ کرمنلز نے پل کو اپنی آماجگاہ بنا لیا ہے، جہاں روزانہ درجنوں شہری اپنی قیمتی اشیاء سے .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 12

کراچی: پیٹرولیم کی قیمتوں میں اضافے کے دوران ایمبیلنس رکشوں میں زیادہ سواریوں کا سفر

ایس ایس ڈبلیو ایم بی کے افسران کو اختیارات دے دیئے گئے

گیراج پھینکنے کے خلاف قانونی کارروائی کے لئے اختیارات دیے گئے، نوٹیفکیشن جاری

کراچی (ویب ڈیسک) لوکل گورنمنٹ سندھ نے صفائی ستھرائی کے نظام کو مزید بہتر بنانے اور گیراج پھینکنے کے خلاف قانونی کارروائی کے لئے ایس ایس ڈبلیو ایم بی کے افسران کو اختیارات دے دیئے گئے، اس سلسلے میں نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق نوٹیفکیشن میں مجاز اتھارٹی کی منظوری سے سندھ سالڈ ویسٹ مینجمنٹ بورڈ کے اسسٹنٹ ڈائریکٹر کو اختیارات دے دیے گئے ہیں کہ وہ سندھ لوکل گورنمنٹ ایکٹ 2013 (ترمیم شدہ) کی .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 13

وہ وقت دور نہیں جب پی ایس ایل دنیا کی نمبر 1 لیگ بنے گی، چیئرمین پی سی بی محسن نقوی

سعودی عرب بھی پاکستان کی تعریف کر رہا ہے، افواہ ساز کسی غلط فہمی میں نہ رہیں، طاہر اشرفی

اسلام آباد (ویب ڈیسک) پاکستان علماء کونسل کے چیئرمین حافظ طاہر محمود اشرفی نے کہا ہے کوئی پاکستانی نہیں چاہتا کہ پاکستان کے افغانستان کے لاہور کیمٹ میں اتحاد امت کانفرنس سے خطاب میں انہوں نے کہا کہ کوئی .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 8

شہر میں پولیس مقابلے، 2 رشیوں سمیت 3 ملزمان گرفتار

کراچی (ویب ڈیسک) ا ام اے جناح روڈ پر پولیس اور ڈاکوؤں کے درمیان مبینہ فائرنگ کے تبادلے کے بعد دو ملزمان کو زخمی حالت میں گرفتار کر لیا گیا۔ ایس ایچ او جمشید کوارٹر کے مطابق ایم اے جناح روڈ اسلامیہ کالج کے .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 43

گھی اور تیل کی قیمتوں میں 150 روپے فی کلو تک اضافے کا امکان

کراچی (ویب ڈیسک) گھی اور تیل کی قیمتوں میں اضافے کا امکان ظاہر کیا جا رہا ہے۔ جی ٹی وی نیوز کے مطابق بنا ہتی مینوفیکچررز ایسوسی ایشن کی جانب سے بتایا گیا ہے کہ گھی اور تیل کی قیمتوں میں 100 سے 150 روپے فی کلو تک اضافے کا امکان ہے۔ ایڈوائزر پی وی ایم اے کے مطابق پیٹرولیم مصنوعات مہنگی ہونے سے ملوں کی لاگت میں اضافہ ہوا ہے گھی ملوں کی رائے پور ڈیلرز .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 42

آپریشن سندور میں ذلت آمیز شکست کے بعد بھارت کا ایک اور فالس فلیگ ڈرامہ بے نقاب

لاہور (ویب ڈیسک) پاکستان کی کامیابیوں اور عالمی مقبولیت پر مرکزی حیثیت سے مودی سرکار اور گودی میڈیا شدید تذبذب کا شکار ہو گئے، آپریشن سندور میں ذلت آمیز شکست کے بعد بھارت کا ایک اور فالس فلیگ ڈرامہ بے نقاب ہو گیا۔ بھارتی وزیر دفاع کی گیدڑ بھبکیاں اور خفیہ ایجنسی را کی ایجنٹ قریب آتے ہی پرانی بوتل بک کے مطابق فالس فلیگ آپریشن کی تیاری ہے، بھارت .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 44

کراچی: پولیس کی جانب سے پی ٹی آئی کارکنوں کو گرفتار کر کے لے جایا جا رہا ہے

بلوچستان حکومت کا ماریکٹوں اور شادی ہالز کے اوقات محدود کرنے کا اعلان

کوئٹہ (ویب ڈیسک) بلوچستان حکومت نے توانائی کے تحفظ کے اقدامات کے تحت بازاروں، شادی ہالز اور ریسٹورنٹس کے اوقات محدود کرنے کا اعلان کر دیا۔ محکمہ داخلہ کی جانب سے جاری کردہ نوٹیفکیشن کے مطابق یہ حکم .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 41

ایران نے ایف 15 طیارہ گرانے میں انفرا ریڈ ڈیٹیکشن ٹیکنالوجی استعمال کی

واشنگٹن (ویب ڈیسک) امریکی ٹی وی نے رپورٹ دی ہیکہ ایران نے امریکی طیارے ایف 15 - کو مار گرانے میں انفرا ریڈ ڈیٹیکشن ٹیکنالوجی استعمال کی، یہ سسٹم دفاع کی پکڑ میں نہیں آتا۔ امریکی الیکٹرونک وارفیئر سسٹم بھی اسے جیم کرنے یا بگاڑنے کی صلاحیت نہیں رکھتے۔ امریکی ٹی وی کے مطابق امریکا کی کمریں ڈالر کی ٹیکنالوجی اس انفرا ریڈ ڈیٹیکشن .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 40

سندھ میں بارشوں کی پیشگوئی متعلقہ اداروں کو الرٹ کر دیا ہے

شرجیل میمن

بارشوں کا سلسلہ (آج) 6 اپریل کو شدت اختیار کر سکتا ہے، حساس ڈھانچوں اور فصلوں کے تحفظ کیلیے پیشگی اقدامات کیے جا رہے ہیں

کراچی سمیت سکھر، کشمور، گھوٹکی، جامشورو، شکارپور، لاڑکانہ میں بارشوں کی پیش گوئی کی گئی ہے، سینئر صوبائی وزیر سندھ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سندھ کے سینئر وزیر شرجیل انعام میمن کا کہنا ہے کہ صوبے میں شدید بارشوں کی پیشگوئی کے بعد متعلقہ اداروں کو الرٹ کر دیا ہے۔ اپنے ایک بیان میں شرجیل میمن نے کہا کہ سندھ دونوں سندھ کے مختلف اضلاع میں بارشوں کا امکان ظاہر کیا گیا ہے۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ کراچی سمیت سکھر، کشمور، گھوٹکی، جامشورو، شکارپور، لاڑکانہ میں بارشوں کی .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 1

کراچی میں ڈیزل کی اسمگلنگ کا بڑا نیٹ ورک بے نقاب

کراچی (ویب ڈیسک) سکھر رینجرز اور پولیس نے ایرانی ڈیزل کی اسمگلنگ کے خلاف بڑی کارروائی کرتے ہوئے خفیہ نیٹ ورک کو بے نقاب کر دیا ہے۔ وفاقی حساس ادارے سکھر اور پولیس نے کراچی کے علاقے .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 10

مہنگائی اور جغرافیائی خطرات: پاکستان دنیا کی تیسری بدترین مارکیٹ قرار

100 انڈیکس میں تقریباً 15 فیصد کی رپاڑ، بھارت اور انڈونیشیا ترتیب پہلے اور دوسرے نمبر پر ہے

کراچی (ویب ڈیسک) پاکستان کی ایکویٹی مارکیٹ نے 2026 کی پہلی سہ ماہی میں شدید مندی کا سامنا کیا، جس کی بڑی وجہ مسلسل تین سال کی مضبوط تیزی کے بعد منافع کے حصول کی سرگرمیاں اور جغرافیائی سیاسی غیر یقینی صورتحال رہی۔ اس دوران تقریباً مارکٹ کے ایس ای 100 انڈیکس میں تقریباً 15 فیصد کی رپاڑ کی گئی۔ ایپ ایٹن سیکیورٹیز لمیٹڈ کی جانب سے جاری کردہ اعداد و شمار کے مطابق اس مندی کے باعث پاکستان اسٹاک ایکسچینج عالمی سطح پر کمزور .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 2

عید کے تیسرے روز دو کروڑ کی چوری کا معمہ حل، ملزم گرفتار

کراچی (ویب ڈیسک) کھارادر پولیس نے عید الفطر کے تیسرے روز جاجر کے گودام سے 2 کروڑ روپے کی چوری کا معمہ حل کرتے ہوئے ملزم کو گرفتار کر کے ڈیڑھ کروڑ روپے برآمد کر لیے۔ تفصیلات کے .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 3

میئر کراچی میں ناقص سیوریج سسٹم اور شدید بارشوں کے باعث مسائل ہیں

سونے کی قیمتوں میں اضافہ، فی تولہ 4 لاکھ 90 ہزار سے متجاوز

فی اونس سونا 34 ڈالر مہنگا ہو کر 4,676 ڈالر کی سطح پر پہنچ گیا ہے

کراچی (ویب ڈیسک) ملک بھر میں سونے اور چاندی کی قیمتوں میں نمایاں اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ رپورٹ کے مطابق 24 قیراط فی تولہ سونا 3,400 روپے اضافے کے بعد 4 لاکھ 90 ہزار 362 روپے کا ہو گیا، جبکہ 10 گرام سونے کی قیمت 2,915 روپے بڑھ کر 4 لاکھ 20 ہزار 406 روپے تک پہنچ گئی۔ اسی طرح 24 قیراط فی تولہ چاندی کی قیمت میں بھی 160 روپے اضافہ ہوا جس کے بعد یہ 1 ہزار 794 روپے ہو گئی۔ عالمی مارکیٹ میں بھی سونے کی قیمت میں اضافہ .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 9

خیبر پختونخوا میں پیٹرول سبسڈی کیلیے احساس فیول سپورٹ اسکیم کا آغاز

رجسٹرڈ صارفین کو 2000 روپے ماہانہ فیول سپورٹ دی جائیگی

پشاور (ویب ڈیسک) خیبر پختون خوا حکومت نے پیٹرول سبسڈی کے لیے احساس فیول سپورٹ اسکیم کا آغاز کر دیا۔ اسکیم کے تحت رجسٹرڈ موٹر سائیکل، اسکوٹر اور رکشا مالکان کو ماہی معاونت فراہم کی جائے گی، رجسٹرڈ صارفین کو 2000 روپے ماہانہ فیول سپورٹ دی جائے گی۔ موٹر سائیکل، اسکوٹر اور رکشا درخواست دہندہ کے اپنے نام پر رجسٹرڈ ہو، رجسٹریشن ٹرانسفر عمل ہوا اور فیور رجسٹرڈ ہو دوسرے کے نام پر گاڑی اہل نہیں ہوگی۔ رجسٹریشن کا عمل کل 6 اپریل سے شروع .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 23

وکلاء کی تنظیم اور سول سوسائٹی نے حیدر چوک حیدرآباد میں مہنگائی کے خلاف احتجاج کیا

کراچی مہنگائی کیخلاف احتجاج متعدد ڈی آئی کارنر زیر حراست

پولیس کے ذریعے سیاسی کارکنوں کو دبانے کی کوشش کی جا رہی ہے، جمہوریت کے نام پر ریاستی طاقت کا غلط استعمال بند کیا جائے

خواتین کی بے حرمتی کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی اور آئین و قانون کی حفاظت عدالتوں کی ذمہ داری ہے، راجہ اظہر

کراچی (ویب ڈیسک) پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے اور مہنگائی کے خلاف مختلف سیاسی جماعتوں کی احتجاجی کال کے بعد شہر میں سیکیورٹی تشویشناک حد تک سخت کر دی گئی۔ پولیس اور انتظامیہ نے سیکیورٹی وجوہات کے بنا پر کراچی پریس کلب جانے والے راستوں کو کنٹینرز لگا کر سیل کر دیا۔ احتجاج کے ساتھ تعاون کریں گے۔ اس موقع پر ام رباب چانڈیو کا کہنا تھا کہ میرے والد کو سردارانہ نظام کے خلاف بات کرنے پر قتل کیا گیا، سندھ بھر کی نظریں میرے کیس پر تھیں لیکن فیصلہ ہمارے خلاف آیا۔ انہوں نے مزید کہا کہ انکلس کوٹ میں جا کر اپنا کیس لڑوں گی، دہشتگرد جتنوں نے میرے والد توفیق کیان کا ہٹلر پارٹی سے تعلق ہے۔ ام رباب چانڈیو نے یہ بھی کہا کہ صدر مملکت آصف زرداری سے کہتی ہوں کہ وہ اس معاملے کو دیکھیں، میرا کسی سیاسی جماعت .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 7

پشاور: پی ڈی آئی، رہنما اور کارکنان، اشیاء اور پیٹرولیم مصنوعات میں اضافے کے خلاف احتجاج کر رہے ہیں

واٹس ایپ کا نیا فیچر متعارف، خالی پروفائل آٹیکنز خود کار طور پر تبدیل

کراچی (ویب ڈیسک) واٹس ایپ نے ایک فیچر متعارف کرا دیا ہے جس کے تحت خالی پروفائل آئیکنز کو خود کار طور پر صارف کے فون میں موجود رابطوں کی تصاویر سے تبدیل کر دیا جائے گا۔ غیر ملکی خبر رساں ایجنسی کے مطابق .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 24

کھارادر میں 2 کروڑ روپے سے زائد کی چوری، ملزم گرفتار

کراچی (ویب ڈیسک) کراچی کے علاقے کھارادر میں عید کے تیسرے روز 2 کروڑ روپے سے زائد کی چوری کے واقعے میں ملوث ملزم کو گرفتار کر لیا گیا۔ اس حوالے سے پولیس کا کہنا ہے کہ گرفتار ملزم شکیل سے 1 کروڑ 57 لاکھ 50 ہزار روپے برآمد ہوئے ہیں۔ پولیس نے کہا .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 33

پاکستان کے 40 فیصد بچے غذائی قلت کا شکار

اسلام آباد (ویب ڈیسک) حکومت، عدلیہ اور ماہرین صحت نے پاکستان میں بچوں کی ابتدائی نشوونما اور نوزائیدگی کی کم تر سطحیں بحران سے نمٹنے کے لئے اصلاحات کے ذریعے قوانین کو یکجا کرنے کی فوری نفاذ کی ضرورت پر زور دیا۔ .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 14

آذربائیجان نے ایران کیلیے 200 ٹن انسانی امداد روانہ کر دی

باکو (ویب ڈیسک) آذربائیجان نے ایران پر اسلحہ کردہ جنگ کے درمیان ایران کے لیے انسانی امداد کی ایک اور کھیپ روانہ کی ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق 200 ٹن امدادی سامان میں 190 ٹن غذائی مصنوعات، 7 ٹن .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 16

مذیر حسین یونیورسٹی میں تعلیمی معیار اور طلبہ کی معاونت کا فروغ

کراچی (ویب ڈیسک) مذیر حسین یونیورسٹی کے چانسلر انجینئر فرحت خان نے یونیورسٹی کے تعلیمی معیار اور جدید سہولیات پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ یہ ادارہ طلبہ کو ایک مشترک تعلیمی ماحول فراہم کرتا ہے جہاں انہیں نظریاتی علم کے .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 21

میٹرک بورڈ: ایڈمٹ کارڈ ڈاؤن لوڈ کرنے میں مشکلات

کراچی (ویب ڈیسک) شہر قائد میں میٹرک بورڈ آفس کی ویب سائٹ سے ایڈمٹ کارڈ ڈاؤن لوڈ کرنے میں مشکلات کا سامنا ہے، جس کی وجہ سے طلبہ و طالبات اور اساتذہ پریشانی کا شکار ہو گئے ہیں۔ رنگلر امیدواروں کے .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 20

پنجاب کو منشیات سے پاک کرنا حکومت کی پہلی ترجیح ہے، عظمی بخاری

پنجاب حکومت کا منشیات فروشوں کے خلاف سے موقف بہت کلیئر ہے، وزیر اطلاعات

لاہور (ویب ڈیسک) وزیر اطلاعات پنجاب عظمی بخاری نے کہا ہے کہ پنجاب کو منشیات سے پاک کرنا مریم نواز حکومت کی پہلی ترجیح ہے۔ وزیر اطلاعات پنجاب عظمی بخاری سے سری لنکا کے اعزازی قونصل جنرل یامین جوئیہ نے ملاقات کی ہے، ملاقات .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 15

اہلیہ شمینہ پہلے مجھے ایکٹنگ کرنے سے روکتی تھیں، سیٹ پر میرے ساتھ ہوتی تھیں، ہمایوں سعید

کراچی (ویب ڈیسک) پاکستانی سپر اسٹار ہمایوں سعید نے انکشاف کیا ہے کہ ان کی اہلیہ ابتدا میں انہیں ایکٹنگ کرنے سے روکتی تھیں۔ حال ہی میں ہمایوں سعید نے ایک انٹرویو دیا جس میں انہوں نے اپنی شوبز کیریئر سے متعلق گفتگو کی۔ اداکار نے انکشاف کیا کہ اہلیہ شمینہ میرے ایکٹنگ کیریئر کو لے کر کچھ خوش نہیں تھیں اور مجھے اس سے روکتی تھیں، وہ .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 19

ڈیزل مہنگا، تعمیراتی شعبہ بحران کا شکار قیمتوں میں بڑا اضافہ

سیمنٹ، سریا اور ریتی کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ، مستری کی یومیہ دھاڑی 2500 سے بڑھ کر 3000 روپے تک جا پہنچی

بڑھتی ہوئی لاگت کے باعث نہ صرف نئے منصوبے متاثر ہونگے، جاری منصوبوں کی تکمیل میں بھی تاخیر کا خدشہ ہے، ماہرین

کراچی (ویب ڈیسک) کراچی میں ڈیزل کی قیمتوں میں حالیہ اضافے کے باعث تعمیراتی شعبہ شدید متاثر ہونے لگا ہے، جس کے نتیجے میں تعمیراتی میٹریل اور خدمات کے نرخوں میں نمایاں اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے۔ مارکیٹ ذرائع کے مطابق سیمنٹ کی فی بوری قیمت میں 20 روپے تک اضافہ ہوا ہے ریکارڈ کیا گیا ہے۔ اسی .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 17

لاہور (ویب ڈیسک) چیئرمین پاکستان کرکٹ بورڈ محسن نقوی نے کہا ہے کہ وہ وقت دور نہیں جب پی ایس ایل دنیا کی نمبر 1 لیگ بنے گی۔ لاہور میں چیئرمین پی سی بی محسن نقوی کی زیر صدارت پی سی بی کے بورڈ آف گورنرز کا اجلاس ہوا جس میں مالی سال 2024-25 کے آڈٹ شدہ مالیاتی اکاؤنٹس کی منظوری دی گئی۔ اجلاس میں آئی سی سی انٹی .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 18